Frohe Weihnachten! میری کرسمس



www.malvorlagen-bilder.de

میری کرسمس

چھٹے مہینے میں جبرائیل فرشتہ خدا کی طرف سے گلیل کے ایک شہر میں
جس کا نام ناصرت تھا ایک کنواری کے پاس بھیجا گیا۝ جس کی منگنی داؤد کے
گھرانے کے ایک مرد یوسف نام سے ہوئی تھی اور اُس کنواری کا نام مریم
تھا ۝ اور فرشتہ نے اُس کے پاس اندر آکر کہا سلام تجھ کو جس پر فضل ہوا
ہے! خداوند تیرے ساتھ ہے ۝ وہ اِس کلام سے بہت گھبرا گئی اور سوچنے
لگی کہ یہ کیسا سلام ہے ۝ فرشتہ نے اُس سے کہا اَے مریم! خوف نہ کر
کیوں کہ خدا کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے ۝ اور دیکھ تُو حاملہ ہو گی اور
تیرے بیٹا ہو گا۔ اُس کا نام یسوع رکھنا ۝ وہ بزرگ ہو گا اور خدا تعالےٰ کا بیٹا
کہلائے گا اور خداوند خدا اُس کے باپ داؤد کا تخت اُسے دے گا ۝ اور وہ
یعقوب کے گھرانے پر ابد تک بادشاہی کرے گا اور اُس کی بادشاہی کا آخر نہ
ہو گا ۝ مریم نے فرشتہ سے کہا یہ کیوں کر ہو گا جب کہ مَیں مرد کو نہیں جانتی؟ ۝
اور فرشتہ نے جواب میں اُس سے کہا کہ روح القدس تجھ پر نازل ہو گا اور
خدا تعالےٰ کی قدرت تجھ پر سایہ ڈالے گی اور اِس سبب سے وہ مولودِ مقدس
خدا کا بیٹا کہلائے گا ۝ اور دیکھ تیری رشتہ دار الیشبع کے بھی بڑھاپے میں
بیٹا ہونے والا ہے اور اب اُس کو جو بانجھ کہلاتی تھی چھٹا مہینہ ہے ۝ کیونکہ
جو قول خدا کی طرف سے ہے وہ ہرگز بے تاثیر نہ ہو گا ۝ مریم نے کہا دیکھ مَیں
خداوند کی بندی ہوں۔ میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔ تب فرشتہ اُس
کے پاس سے چلا گیا ۝

اُن دِنوں میں ایسا ہُوا کہ قیصر اَوگُوستُس کی طرف سے یہ حُکم جاری ہُوا کہ ساری دُنیا کے لوگوں کے نام لِکھے جائیں ○ یہ پہلی اِسم نویسی سُورِیہ کے حاکِم کُورِنیُس کے عہد میں ہُوئی ○ اور سب لوگ نام لِکھوانے کے لِئے اپنے اپنے شہر کو گئے ○ پس یُوسُف بھی گلِیل کے شہر ناصرت سے داؤد کے شہر بَیت لحم کو گیا جو یہُودیہ میں ہے ۔ اِس لِئے کہ وہ داؤد کے گھرانے اور اَولاد سے تھا ○ تاکہ اپنی منگیتر مریم کے ساتھ جو حامِلہ تھی نام لِکھوائے ○ جب وہ وہاں تھے تو ایسا ہُوا کہ اُس کے وضعِ حمل کا وقت آ پہُنچا ○ اور اُس کا پہلوٹھا بیٹا پَیدا ہُوا اور اُس نے اُس کو کپڑے میں لپیٹ کر چرنی میں رکھّا کیوں کہ اُن کے واسطے سرائے میں جگہ نہ تھی ○

اُسی علاقہ میں چرواہے تھے جو رات کو مَیدان میں رہ کر اپنے گلّہ کی نِگہبانی کر رہے تھے ○ اور خُداوند کا فِرِشتہ اُن کے پاس آ کھڑا ہُوا اور خُداوند کا جلال اُن کے چَوگِرد چمکا اور وہ نِہایت ڈر گئے ○ مگر فِرِشتہ نے اُن سے کہا ڈرو مت کیوں کہ دیکھو مَیں تُمہیں بڑی خُوشی کی بشارت دیتا ہُوں جو ساری اُمّت کے واسطے ہو گی ○ کہ آج داؤد کے شہر میں تُمہارے لِئے ایک مُنجّی پَیدا ہُوا ہے یعنی مسیح خُداوند ○ اور اِس کا تُمہارے لِئے یہ نِشان ہے کہ تُم ایک بچّہ کو کپڑے میں لِپٹا اور چرنی میں پڑا ہُوا پاؤ گے ○ اور یکایک اُس فِرِشتہ کے ساتھ آسمانی لشکر کی ایک گروہ خُدا کی حمد کرتی اور یہ کہتی ظاہِر ہُوئی کہ ○

عالمِ بالا پر خُدا کی تمجید ہو
اور زمِین پر اُن آدمِیوں میں جن سے وہ راضی ہے صُلح ○

جب فِرِشتے اُن کے پاس سے آسمان پر چلے گئے تو ایسا ہُوا کہ چرواہوں نے آپس میں کہا کہ آؤ بَیت لحم تک چلیں اور یہ بات جو ہُوئی ہے اور جس کی خُداوند نے ہم کو خبر دی ہے دیکھیں ○ پس اُنہوں نے جلدی سے جا کر مریم اور یُوسُف کو دیکھا اور اُس بچّہ کو چرنی میں پڑا پایا ○ اور اُنہیں دیکھ کر وہ بات جو اُس لڑکے کے حق میں اُن سے کہی گئی تھی مشہُور کی ○ اور سب سُننے والوں نے اِن باتوں پر جو چرواہوں نے اُن سے کہیں تعجُّب کِیا ○ مگر مریم اِن سب باتوں کو اپنے دِل میں رکھّ کر غور کرتی رہی ○ اور چرواہے جَیسا اُن سے کہا گیا تھا وَیسا ہی سب کُچھ سُن کر اور دیکھ کر خُدا کی تمجید اور حمد کرتے ہُوئے لَوٹ گئے ○